ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (88)

07-02-2023

**بہاول پور () نواز بگا شہید پولیس ڈرائیونگ سکول حاصل پور کے مارننگ وایوننگ کے موٹرسائیکل/موٹر کار اور جیپ کے بیچ نمبر 09 کی ٹریننگ مکمل, اسٹوڈنٹس میں اچیومنٹ سرٹیفکیٹ تقسیم، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی و کم علمی اور نا تجربہ کار ڈرائیورز کی وجہ سے ٹریفک حادثات میں کئی قیمتی جانیں ضائع ہو جاتی ہیں، مہلک حادثات سے بچنے کے لیے ڈرائیونگ اسکول میں بہترین تربیت اور شہریوں کو ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی بھی فراہم کی جا رہی ہے، ڈی پی او سید محمد عباس۔**

تفصیلات کے مطابق پنجاب کے دیگر اضلاع کی طرح بہاول پور میں بھی شہریوں کو بہترین تربیت دینے کے لیے نواز بگا شہید پولیس ڈرائیونگ سکول حاصل پور کا قیام عمل میں لایا گیا ہے، جہاں پر صبح و شام دو شفٹوں میں اسٹوڈنٹس کو موٹرسائیکل/موٹر کار کے علاوہ LTV کی بہترین تربیت دی جا رہی ہے، اس سلسلہ میں دو ہفتہ مشتمل ٹریننگ کے موٹرسائیکل/موٹر کار اور جیپ کے بیچ نمبر 09 کی ٹریننگ مکمل کرنے والے اسٹوڈنٹس کے لیے تقریب کا اہتمام کرتے ہوئے اچیومنٹ سرٹیفکیٹس دیئے گئے۔ اب تک 122 امیدواران سرٹیفکیٹ حاصل کر چکے ہیں۔ بیچ نمبر 10 کی ٹریننگ شروع کر دی گئی ہے۔ ٹریننگ کے دوران پہلے مرحلے میں سٹوڈنٹس کو پہلے اسکول کے ٹریک، دوسرے مرحلے میں مصروف روڈز پر پیشہ ورانسٹرکٹرز کے ہمراہ ٹریننگ کروائی جاتی ہے تاکہ سٹوڈنٹس میں گاڑی چلاتے وقت اعتماد میں اضافہ ہو اور کورس کے آخر میں سٹوڈنٹس کا تحریری اور عملی ٹیسٹ لیا جاتا ہے۔ اسکول کے اسٹاف نے ڈرائیونگ کی تربیت حاصل کرنے والوں کو دن اور شام کے اوقات میں مرحلہ وار مکمل ٹریننگ کے ساتھ ساتھ گاڑیوں کی مینٹیننس، پریکٹیکل ٹریننگ جس میں ٹریفک سائن بورڈ، روڈ سیفٹی اور قانون کی پاسداری و اچھے ڈرائیور کی خصوصیات بھی سکھائیں، اچھی اور بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افراد کو اچیومنٹ سرٹیفکیٹ جاری کیے جاتے ہیں۔ دوران ٹریننگ نمایاں کارکردگی کے حامل اسٹوڈنٹس کو انچارج ڈرائیونگ ٹریننگ اسکول نے سرٹیفکیٹس تقسیم کیے، ڈی پی او سید محمد عباس نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ پولیس ڈرائیونگ اسکول میں جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ حاصل کیا جا رہا ہے، آن لائن ٹیسٹ، سفارش اور مڈل مین کے بغیر صرف قومی شناختی کارڈ کے ذریعے پولیس خدمت مراکز پر لرنر اور لائسنس کے لیے اپلائی/ جاری کیے جاتے ہیں، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی و کم علمی اور نا تجربہ کار ڈرائیورز کی وجہ سے ٹریفک حادثات میں کئی قیمتی جانیں ضائع ہو جاتی ہیں، مہلک حادثات سے بچنے کے لیے ڈرائیونگ اسکول میں بہترین تربیت و شہریوں کو ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی بھی فراہم کی جا رہی ہے، لائسنس ایشو کرنے میں شفافیت اور میرٹ کو ہر صورت مدنظر رکھا جا رہا ہے، ٹریفک اسٹاف کو ہدایت کی گئی ہے کہ مزید عوام کو ٹریفک قوانین کے حوالے سے آگاہی پیدا کرنے کیلئے خصوصی مہم چلائیں اور تربیتی سیمینار بھی منعقد کئے جائیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



**بہاول پور نواز بگا شہید پولیس ڈرائیونگ سکول حاصل پور کے مارننگ وایوننگ کے موٹرسائیکل/موٹر کار اور جیپ کے بیچ نمبر 09 کی ٹریننگ مکمل**

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ


پریس ریلیز(89)

07.02.2023

**بہاولپور() پولیس کی جانب سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے مشکوک اشخاص کی چیکنگ کا سلسلہ جاری، ماہ جنوری 2023ء میں ہوٹل آئی اور ٹریول آئی سافٹ ویئر کے ذریعے 29522 مشکوک لوگوں کو چیک کیا گیا جس کے تناظر میں مجرمان اشتہاری وعدالتی مفروران کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 9 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی کی جارہی ہے۔ جرائم سے پاک معاشرہ ہمارا عزم ہے، ڈی پی او سید محمد عباس۔**

تفصیل کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی ہدایت پر جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی کا سلسلہ جاری ہے۔ ماہ جنوری 2023ء میں اب تک بہاولپور پولیس نے سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے چیکنگ کا سلسلہ کا جاری رکھا ہوا ہے، جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے مشکوک افراد کی چیک جاری ہے، دوران چیکنگ ہوٹل آئی سسٹم کے ذریعے ہوٹلز پر آئے 9687 مہمانوں کو چیک کیا گیا جبکہ ٹریول آئی سسٹم کے ذریعے 19835 مسافروں کو چیک کیا گیا۔ جس کے تناظر میں مجرمان اشتہاری وعدالتی مفروران کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 09 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ سمارٹ آئی سافٹ ویئر کو سیکیورٹی کے عمل کا مستقل فیچر بناتے ہوئے، بہاولپور پولیس نے سمارٹ آئی ایپلی کیشن کا استعمال کرتے ہوئے ضلع بھر میں تقریباً 84 ہوٹلوں اور 47 بس اڈوں کو جوڑ رکھا ہے۔ سمارٹ آئی نظام پی ایس آر ایم ایس اور سی آر او کے ساتھ مربوط ہے۔ اگر مجرمانہ ریکارڈ رکھنے والا کوئی شخص چیک ان کرتا ہے تو پولیس کو اطلاع بھیجی جاتی ہے اور اس سلسلے میں مناسب کارروائی کی جاسکتی ہے۔ حکومت پنجاب نے ہوٹلوں کے لیے یہ لازمی قرار دیا کہ وہ مہمانوں کی تفصیلات کے اندراج کے لیے ہوٹل آئی سسٹم اور مسافروں کی تفصیلات کے اندراج کے لیے ٹریول آئی سسٹم کا استعمال کریں۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے پولیس افسران کو ہدایات جاری کیں کہ روزانہ کی بنیاد پر ایسی کارروائیوں کو مزید تیز کیا جائے، میری پالیسی بہت کلیئر ہے جو بھی آفیسر Crime Control اور Crime Prevention میں برتری لے گا وہی آفیسر میرا فیورٹ ہے اور جو کوئی آفیسر ٹائم پاس کرے گا اس کو کسی ذمہ دار سیٹ پر رہنے کا کوئی حق نہیں ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس




**بہاولپور: پولیس کی جانب سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے مشکوک اشخاص کی چیکنگ کا سلسلہ جاری**

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (90)

07-02-2023

## بہاول پور() پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری، گزشتہ 02 روز میں 15 ملزمان گرفتار، منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں سے 01 کلو سے زائد چرس، 168 لیٹر دیسی شراب اور 01 پسٹل 30 بور اور 01 ریوالور 32 بور برآمد، مقدمات درج، دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے معاشرے کو منشیات فروشوں سے پاک کیا جائے گا، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب، ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایات کے مطابق بہاول پور پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ تھانہ صدر حاصلپور، ڈیرہ نواب صاحب اور خیر پور ٹامیوالی پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 04 ملزمان کو گرفتار کرلیا، جن کے قبضہ سے 168 لیٹر شراب دیسی برآمد کرلی۔ تھانہ سٹی احمد پور پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 01 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 01 کلو 360 گرام چرس برآمد کرلی۔ جبکہ صدر احمد پور شرقیہ اور سمہ سٹہ پولیس نے اسلحہ ناجائز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 02 ملزمان کو گرفتار کے قبضہ سے 01 عدد پسٹل 30 بور اور 01 عدد ریوالور 32 بور برآمد کرلیا۔ تھانہ سمہ سٹہ اور چنی گوٹھ پولیس نے انتہائی تیز رفتاری اور لاپرواہی سے ڈرائیونگ کرنے والے 03 ملزمان کو گرفتار کر لیے۔ تھانہ صدر حاصلپور پولیس نے جوا کھیلتے ہوئے 05 ملزم کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ قانون شکنی کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں، دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے معاشرے کو منشیات فروشوں سے پاک کیا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری، گزشتہ 02 روز میں 15 ملزمان گرفتار